Presented by: Rana Jabir Abbas

تعلیماتِ اہلبیتؑ

(بچّوں کی دینیات)

درجۂ دوم

خراسان بک
۱۲۔ سنیعہ آرکیڈ — بریٹو روڈ — کراچی
فون: ۷۱۷۷۱۴

ملنے کا پتہ

حسن علی بک ڈپو
بالمقابل بڑا امام باڑہ، کھارادر۔ کراچی
فون: ۲۴۳۳۰۵۵

درجہ دوم

اِدارۂ فروغِ تعلیماتِ اہلبیتؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست

۱۔ توحید ——— ۹

۲۔ عدل ——— ۱۰

۳۔ نبوّت ——— ۱۱

۴۔ امامت ——— ۱۲

۵۔ قیامت ——— ۱۳

۶۔ آسمانی کتابیں ——— ۱۴

۷۔ ہمارے آخری رسُولؐ ——— ۱۵

۸۔ اچھا طالب علم ——— ۱۷

۹۔ صفائی ——— ۱۹

۱۰۔ زکوٰۃ و خمس ——— ۲۰

۱۱۔ سُورۃ الحمد مع ترجمہ ——— ۲۲

۱۲۔ سُورۃ الکوثر مع ترجمہ ——— ۲۳

۱۳۔ تسبیحاتِ اربعہ مع ترجمہ ——— ۲۴



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصدیق نامہ

از

علامہ طالب جوہری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زیر نظر کتاب "تعلیمات اہلبیت" مکتب آل محمدؐ کے بنیادی عقائد اور اعمال کی کتاب ہے۔ یہ مختلف اجزاء پر مشتمل ہے۔ اس تدوین کرنے والے حضرات جناب غلام علی پنجوانی، جناب حسین علی دیوجانی اور جناب محمد رحمانی ہیں۔

اس موضوع پر کتابوں کو عموماً دینیات کی کتابوں کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ مختلف ادوار میں رجال دین نے اس موضوع پر کتابیں لکھی ہیں اور یقیناً ان سب حضرات کی کاوشیں قابل قدر تحسین و ستائش ہیں۔

ہر دور اپنے منفرد اور مخصوص تقاضوں کے ساتھ نمودار ہوتا ہے۔ یہی منفرد اور مخصوص تقاضے نسلوں کی ذہنیت پر اثر انداز ہوتے ہیں جس کے سبب تعلیم و تربیت سے لے کر معاشرت و سیاست تک ہر سطح پر تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔ ذہین و زیرک افراد وہی ہوتے ہیں جو ان تبدیلیوں کو پہچانیں اور ان سے عہدہ برآ ہوں۔

زیر نظر کتاب کے مختلف اجزاء کو جستہ جستہ دیکھنے کا موقع ملا۔ یہ ایک ایسی کاوش ہے جس کی اہمیت اور افادیت سے انکار ممکن نہیں ہے۔ اس تحریر کی کاوشیں، بچوں کے ذہنوں اور جبلتی نشوونما اور ان کے فکری ارتقاء کو مدنظر رکھ کر ساتھ ساتھ اس بات کو بھی خیال رکھا گیا ہے کہ انہیں مذہبی اور دینی مسائل اس ترتیب سے پیش کیے جائیں جو عین عمر بچوں کی عملی زندگی کے آغاز پر کام آسکیں۔

مجموعی طور پر یہ ایک قابل قدر کاوش ہے جو امید ہے کہ ادارے اور افراد اس سے استفادہ کریں گے۔

مدونین کے لیے میں دعاگو ہوں کہ خداوند عالم ہم تمام معلومین علوم اسلام ان کی توفیقات میں اضافہ فرمائے اور انہیں مزید علمی اور دینی خدمات کی توفیق عطا کرتا رہے۔

طالب جوہری

تصدیق نامہ

از

مولانا محمد صادق حسن

بسمہٖ تعالیٰ

میں نے کتاب "تعلیماتِ اہلِ بیتؑ" (مرتبہ: محترم غلام علی پنجوانی۔ محترم حسین علی دیوجانی۔ محترم غلام محمد رحمانی۔ محترم محمد علی وکیل) کے تمام حصّوں کا سبقاً سبقاً و حرفاً حرفاً مطالعہ کیا اور اس میں کسی قسم کی غلطی نہیں پائی۔ نیز اس کتاب کو بچّوں کے ذہن و عمر کے مطابق مناسب پایا۔ امید ہے کہ مومنین و مومنات اپنے بچوں کی دینی تعلیم کے لئے اس کتاب سے کما حقہٗ استفادہ کریں گے۔

احقر

محمد صادق حسن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نام کتاب: _____ تعلیماتِ اہلبیتؑ

مجلس مصنّفین: _____ غلام علی پنجوانی
حسین علی دیوجانی
غلام محمّد رحمانی
محمّد علی وکیل

کتابت: _____ ضمیر انجم (اے زیڈ آرٹ)

تاریخِ اشاعت: _____ اوّل: مارچ ۱۹۸۸ء
دوم: مارچ ۱۹۹۰ء
سوم: اگست ۱۹۹۳ء
چہارم: نومبر ۱۹۹۵ء

ناشر: _____ ادارہ فروغ تعلیماتِ اہلبیتؑ کراچی۔

ھدیہ: _____ Rs 8.00 روپیہ

تعارف

مسلمان ہونے کے اعتبار سے ہماری ایک بڑی ذمّہ داری نسلِ نو کی دینی تعلیم و دینی تربیت بھی ہے۔ خصوصاً موجودہ حالات میں ہماری اس ذمہ داری میں اضافہ ہوگیا ہے۔

اس کے پیشِ نظر یہ ضروری محسوس کیا گیا کہ ایک ایسا نصابِ تعلیم تیار کیا جائے جو اس ضرورت کو پورا کرے اور اس انداز سے تیار کیا گیا ہو جو ایک طرف مدارس و اسکولوں کی دینی ضرورت کو پورا کرے اور دوسری طرف نصابی تقاضوں کی تکمیل کرے۔ مجلس مصنفین پروردگارِ عالم کا شکر ادا کرتی ہے کہ اس کی توفیقات و معصومینؑ کی تائید و مدد سے اپنی اس ذمّہ داری سے عہدہ برآ ہونے میں کامیاب ہوئی۔

اس نصابِ تعلیم کی تیاری میں مندرجہ ذیل اُمور کا خیال رکھا گیا ہے۔

- نرسری سے جماعت دہم تک کی ضروریات کی تکمیل ہو جائے۔
- بچوں کی ذہنی سطح کا تدریجاً خیال رکھا جائے۔
- تمام ضروریات دینی یعنی عقائد، فقہ، سیرت، تاریخ کی تکمیل ہو اور ان میں توازن ہو۔
- جب ایک طالب علم جماعت دہم سے فارغ ہو یا مکلف ہو جائے تو وہ بنیادی تعلیماتِ دین سے واقف ہو چکا ہو۔

امید ہے کہ مدارس و اسکول اس نصابِ تعلیم سے استفادہ کریں گے اور گرانقدر مشوروں سے نوازیں گے۔ ہم خداوند کریم سے دُعاگو ہیں کہ بتصدّقِ محمدؐ و آلِ محمدؐ ہماری ان کوششوں کو قبول فرمائے اور ہماری قوم کو علمِ دین کی دولت سے سرفراز فرمائے۔

مجلسِ مصنّفین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

توحید

کوئی چیز خود سے پیدا نہیں ہو سکتی

اس لیے

ہم کو اور تمام دُنیا کو

پیدا کرنے والا کوئی

ضرور ہے

اُسے ہم

اللہ

کہتے ہیں

اللہ ایک ہے اور اُس جیسا کوئی نہیں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عدل

اللہ
تمام بُرائیوں سے پاک ہے

عدل ایک خُوبی ہے اور ظلم ایک بُرائی ہے

اِس لیے
اللہ کسی کے ساتھ ظلم نہیں کرتا

اور
ہر ایک کے ساتھ
انصاف سے پیش آتا ہے

نبوّت

اللہ چاہتا ہے کہ ہم اچھی زندگی گذاریں

اس کے لیے
ہمیں ہدایت کی ضرورت ہے

لہٰذا
اللہ نے ہماری ہدایت کے لیے
ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیأ بھیجے

نبی کو اللہ کی طرف سے علم عطا ہوتا ہے

اور
وہ معصُوم ہوتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امامت

حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

اللہ

کے آخری نبی ہیں، اُن کے بعد کوئی

نبی

نہیں آئے گا۔ آخری نبی کے بعد اللہ نے

ہماری ہدایت اور دینِ اسلام کی حفاظت کیلئے

امام

مُقرر فرمائے

اماموں کی تعداد بارہ ہے

اور وہ نبی کی طرح معصُوم ہیں۔

قیامت

ایک دن تمام دُنیا فنا ہو جائے گی، اس کے بعد اللہ انسانوں کو دوبارہ زندہ کرے گا، اور اُن سے دُنیا کے اعمال کا حساب لیا جائے گا، نیک اعمال والے جنّت میں داخل ہوں گے اور بُرے اعمال والے دوزخ میں جائیں گے۔ اس دن کو قیامت کہتے ہیں۔

روزِ قیامت سب سے پہلا سوال نماز کے بارے میں ہوگا۔

امام محمد باقر علیہ السلام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آسمانی کتابیں

اللہ نے انسان کی ہدایت کے لیے چند انبیاء پر کتابیں نازل کیں جن میں سے

۱۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر توریت

۲۔ حضرت داؤد علیہ السلام پر زبور

۳۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل

۴۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن مجید نازل کی گئی۔

اس وقت دُنیا میں صرف قرآن مجید اپنی اصلی حالت میں موجود ہے اور قیامت تک باقی رہے گا۔

ہمارے آخری رسولؐ

سوال: ہمارے آخری رسولؐ کا نام کیا ہے ؟

جواب: ہمارے آخری رسولؐ کا نام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

سوال: ہمارے رسولؐ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

جواب: ہمارے رسولؐ ۱۷ ربیع الاوّل سنہ عام الفیل کو مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: ہمارے رسولؐ کے والد اور والدہ کا نام کیا تھا ؟

جواب: ہمارے رسولؐ کے والد کا نام حضرت عبداللہ اور والدہ کا نام حضرت آمنہ تھا۔

سوال: ہمارے رسولؐ کے مشہور القاب کون سے ہیں ؟

جواب: ہمارے رسولؐ کے مشہور القاب 'امین' اور 'صادق' ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوال: امین اور صادق کے معنیٰ کیا ہیں ؟

جواب: امین کے معنیٰ ہیں امانت کی حفاظت کرنے والا اور صادق کے معنیٰ ہیں سچ بولنے والا۔

سوال: ہمارے رسُولؐ نے نبوّت کا اعلان کس عمر میں فرمایا ؟

جواب: ہمارے رسُولؐ نے چالیس سال کی عمر میں نبوّت کا اعلان فرمایا۔

سوال: ہمارے رسُولؐ کی وفات کب اور کہاں ہُوئی ؟

جواب: ہمارے رسُولؐ کی وفات ۲۸ صفر ۱۱ھ کو مدینہ منورہ میں واقع ہوئی۔

سوال: ہمارے رسُولؐ کا روضۂ مبارک کہاں واقع ہے ؟

جواب: ہمارے رسُولؐ کا روضۂ مبارک مدینہ منورہ میں واقع ہے۔

سوال: جب ہم رسُولؐ کا نام سُنیں یا پڑھیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیئے ؟

جواب: جب ہم رسُولؐ کا نام سُنیں یا پڑھیں تو ہمیں درُود یعنی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ پڑھنا چاہیئے۔

اچھا طالب علم

عمران دُوسری جماعت میں پڑھتا ہے۔ وہ ایک اچھا طالب علم ہے۔ اس کی عادت ہے کہ وہ رات کو سونے سے قبل اگلے دن کے ٹائم ٹیبل کے مطابق کتابیں اور کاپیاں اپنے بستے میں رکھ لیتا ہے۔ رات کو جلدی سو جاتا ہے اس لیے صبح سویرے اُٹھ جاتا ہے۔ صبح سب سے پہلے اپنے والدین کو سلام کرتا ہے۔ پھر وضو کر کے نماز پڑھتا ہے۔ نماز سے فارغ ہو کر اپنے دانت صاف کرتا ہے اور نہا کر صاف ستھرے کپڑے پہنتا ہے۔ اسکول ہمیشہ وقت پر پہنچتا ہے۔ اساتذہ سے بڑے ادب اور احترام سے پیش آتا ہے۔ ان کی باتیں غور سے سُنتا ہے اور انہیں یاد بھی رکھتا ہے۔ اپنے دوستوں کے ساتھ پیار و محبّت سے پیش آتا ہے۔ پڑھائی یا کھیل کُود کے دوران ان سے کبھی جھگڑا نہیں کرتا اور بغیر اجازت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کی چیزیں نہیں اُٹھاتا۔ اسکول سے چھٹی ملنے کے بعد سیدھا اپنے گھر جاتا ہے۔ گھر پہنچ کر والدین کو سلام ضرور کرتا ہے۔ گھر میں بھی سب کے ساتھ ادب سے پیش آتا ہے۔ اپنا ہوم ورک وقت پر کرلیتا ہے۔ عمران صفائی کا بہت خیال رکھتا ہے۔ اس کے ناخن ہمیشہ صاف ہوتے ہیں اور وہ اپنے کپڑوں کو کبھی گندا نہیں کرتا۔ وہ روزانہ شام کو اپنے والد کے ساتھ نماز پڑھنے مسجد بھی جاتا ہے۔

ان اچھی عادتوں کی وجہ سے عمران کے والدین، اساتذہ اور دوست اس سے بے حد خوش ہیں اور اللہ بھی عمران سے خوش ہے۔

صفائی

اسلام نے صفائی سے رہنے کی بہت تاکید کی ہے۔ اللہ تعالیٰ صفائی اور پاکیزگی کو پسند کرتا ہے۔

ہمارے رسولؐ کا ارشاد ہے:

"صفائی مسلمان ہونے کی نشانی ہے"

ہمیں چاہیئے کہ ہمیشہ صاف ستھرے رہیں۔ اپنا بدن صاف رکھیں، بالوں میں کنگھا کریں، ناخن بڑھ جائیں تو انہیں کاٹیں، کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئیں اور جو چیزیں ہمارے استعمال کی ہوں انہیں صاف ستھرا رکھیں۔

بازار کی گندی اور سڑی ہوئی چیزیں ہماری صحت کے لیے نقصان دہ ہوتی ہیں، لہٰذا ایسی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ جو شخص اپنا جسم، لباس اور دوسری چیزیں صاف نہیں رکھتا وہ اکثر بیمار رہتا ہے۔ ایسے شخص کو اللہ، رسولؐ اور اماموںؑ بھی پسند نہیں کرتے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زکوٰۃ و خمس

سوال: زکوٰۃ کسے کہتے ہیں ؟

جواب: نو چیزوں پر نصاب کے مطابق غریبوں کو دیئے جانے والے حصّے کو زکوٰۃ کہتے ہیں۔

سوال: کون سی نو چیزوں پر زکوٰۃ واجب ہے ؟

جواب: اِن نو چیزوں پر زکوٰۃ واجب ہے :

۱۔ سونے کے سکے

۲۔ چاندی کے سکے

۳۔ اُونٹ

۴۔ گائے، بھینس

۵۔ بھیڑ، بکری

۶۔ گیہوں

۷۔ جَو

۸۔ کھجُور

۹۔ کِشمش

سوال: کیا نوٹ پر زکوٰۃ واجب ہے ؟

جواب: جی نہیں، نوٹ پر زکوٰۃ نہیں ہے بلکہ اس پر خمس واجب ہے۔

سوال: خمس کسے کہتے ہیں ؟

جواب: سال بھر کا خرچہ نکالنے کے بعد جو مال اور رقم بچ جائے اس میں سے پانچواں حصّہ نکالنے کو خمس کہتے ہیں۔

سوال: خمس کسے دیا جاتا ہے ؟

جواب: خمس امامؑ کو دیا جاتا ہے لیکن امامؑ کی غَیبت میں نائب امام کو دیا جاتا ہے۔

سوال: زکوٰۃ اور خمس دینے کا کیا فائدہ ہے ؟

جواب: زکوٰۃ اور خمس دینے سے غریبوں کی مدد ہوتی ہے، دین کو فروغ حاصل ہوتا ہے اور اللہ خوش ہوتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سُوْرَةُ الْحَمْد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان بڑا رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ②	سب تعریف خدا ہی کے لئے (سزاوار) ہے جو سارے جہان کا پالنے والا ہے۔
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ③	بڑا مہربان بڑا رحم والا ہے۔
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ④	روزِ جزا کا حاکم ہے۔
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ⑤	خدایا ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑥	تو ہم کو سیدھی راہ پر ثابت قدم رکھ
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ	ان کی راہ جنہیں تو نے (اپنی) نعمت عطا کی ہے۔
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ⑦	نہ ان کی راہ جن پر تیرا غضب ڈھایا گیا ہے اور نہ گمراہوں کی۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان بڑا رحم والا ہے

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ②	(اے رسولؐ) ہم نے تم کو کوثر عطا کیا۔
فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ③	تو تم اپنے پروردگار کی نماز پڑھا کرو اور قربانی دیا کرو۔
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ④	بے شک تمہارا دشمن بے اولاد رہے گا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تسبیحات اربعہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

یعنی

خدائے تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے اور اللہ

ہی کے لئے حمد و ثنا ہے اور اللہ کے سوا

کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas